# عبادت گاہیں - مقصد اور حفاظت کا توازن

عبادت گاہوں کو مجرمانہ واقعات سے محفوظ رہنے کے ساتھ ساتھ سب کے لیے کھلا ہونے اور سب کو خوش آمدید کہنے میں توازن رکھنا چاہیے۔ یہ ضروری ہے کہ حفاظت ایمان پر مبنی مشن کی تکمیل کرے۔

## منصوبہ

- عمارت میں ایسے کمرے (کمروں) کی نشاندہی کریں جو پناہ گاہ کی ضرورت یا لاک ڈاؤن کی صورتحال میں محفوظ کمرے (کمروں) کے طور پر استعمال میں لائے جاسکتے ہیں۔
- یقینی بنائیں کہ اس میں ایک بغیر کمانی والے تالے کا حامل ٹھوس/دھاتی دروازہ ہو۔
- یقینی بنائیں کہ اس میں ٹیلیفون یا مواصلات کے دیگر ذرائع موجود ہوں۔
- یقینی بنائیں کہ کمرے میں کھانے پینے کا مناسب سامان، پانی، حادثاتی واقعات کے لیے ابتدائی طبی امداد کا سامان یا دیگر سامان (جس میں خون بہنے سے روکنے والے پٹی، چیسٹ سِیل، گیج وغیرہ شامل ہیں) کے ساتھ ساتھ بیت الخلا کی سہولت یا بیت الخلا کی بہتر صلاحیت موجود ہو۔
- اس میں بعض ایسی اضافی چیزوں کو شامل کرنے پر غور کریں جنہیں دروازے کو محفوظ بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے (یعنی اسے خود بند کرنے کے طریقہ کار کے لیے رسی یا پٹے)۔
- ہنگامی صورتحال کے نتیجے میں انخلاء کی صورت میں باہر ایک جگہ جمع ہونے کا مقام طے کریں۔
- مشکوک سرگرمی کا مشاہدہ کرنے اور اس پر رد عمل ظاہر کرنے کے لیے رضاکاروں/ارکان کو جماعت میں بڑی حکمت عملی کے ساتھ نشستیں فراہم کریں (یعنی بالکونی میں، باہر نکلنے کے راستے کے قریب)۔
- مذہبی تقریبات سے پہلے، دوران اور بعد میں داخلی دروازے کی نگرانی کرنے کے لیے رضاکاروں کا استعمال کریں۔

## تیاری

- لاک ڈاؤن کی صورتحال کے دوران اہلکاروں کو کام تفویض کریں، جس میں درج ذیل کام شامل ہیں:
  - بیرونی دروازے بند کرنا اور انہیں مقفل کرنا۔
  - مزید رکاوٹیں شامل کرنے کے لیے اندرونی دروازے بند کرنا۔
  - فوری منتقلی کی سہولت اور لوگوں کو لاک ڈاؤن روم میں جانے کی ہدایت کرنا۔
  - جگہ سے متعلق اضافی کاموں پر غور کریں۔
- قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے ایک ایسی USB ڈرائیو یا فائل اپنے پاس ضرور رکھیں جس میں عمارت کے تمام نقشے یا بلیو پرنٹس، عملے کی تفصیل، ملازمین اور رضاکاران کے کاموں کی فہرستیں اور جگہ پر موجود خصوصی حفاظتی جگہیں (جیسا کہ ڈے کیئر سینٹر) وغیرہ موجود ہوں۔
- قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے بنیادی رابطے کے طور پر کام کرنے کے لیے کسی فرد کو مقرر کریں۔
- ہنگامی صورتحال میں لاک ڈاؤن اور انخلاء کی مشقیں باقاعدگی سے کریں۔
- اپنے عملے اور رضاکاروں کو ذاتی حفاظت اور کام کی جگہ پر تشدد جیسے موضوعات پر تربیت فراہم کرنے پر غور کریں۔

# پیشگی اقدامات کی حامل حکمت عملیاں

ایک جامع حفاظتی منصوبہ، مقصد اور ارادے سے شروع ہوتی ہے۔ تحفظ اور بحران کے ردعمل پر مرکوز پالیسی اور منصوبے کا جائزہ لینے اور تخلیق کرنے کے لیے عبادت گاہ کے ارکان کے ایک گروپ کو مقرر کرنا ایک بنیادی امر ہے۔

- تحفظ کو لاحق خدشات کی تشخیص کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں/جرائم کی روک تھام کے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔
- یقینی بنائیں کہ جملہ تحفظ اور سلامتی کو لاحق خدشات کو بروقت اور مربوط طریقے سے دُور کیا جائے۔
- عملے، رضاکاروں اور جماعت کے ارکان کو اضافی تربیت فراہم کرنے کے لیے قانون نافذ کرنے والے/جرائم کی روک تھام کرنے والے اداروں کے ساتھ شراکت داری کریں۔
- مشکوک سرگرمی کی اطلاع دینے کے لیے "کچھ دیکھو تو کچھ بولو" کی ثقافت کو فروغ دیں۔

# اضافی وسائل

https://www.dhs.gov/publication/dhs-faith-based-guidance